**SET-4**

**Series HMJ/C**

کوڈ نمبر **Code No. 30/C**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | | |

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **12** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **11** ہے۔
- کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر اپنی جواب کاپی میں ضرور لکھیں۔
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے .15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح۔10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ اپنی جواب کی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **12** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- Please write down the Serial Number of the question in the answer-book before attempting it.
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

وقت : ۳ گھنٹے — کل نمبر: ۸۰

*Time allowed : 3 hours* — *Maximum Marks : 80*

# (حصہ۔الف)

1۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے ۔ 10

## (الف)

" سگھ مدرسہ دراصل ایک یتیم خانہ تھا جو ایک بغیر چھت کی مسجد اور چند پھونس کے چھپّروں پر مشتمل تھا۔اس سگھ مدرسہ کے مہتمم اور روح رواں حافظ اللہ دیا نام کے ایک صاحب تھے ۔گورے چٹّے ،قد تھوڑا نکلتا ہوا، طباق سا چہرہ اور پھیلی ہوئی ناک، بات چیت میں اچھے تھے اور گوارا آداب و اطوار کے انسان تھے ۔جب ہم سگھ مدرسہ میں آئے اماں اپنے میکے چلی گئی تھیں۔ابّا یہاں کیوں آئے تھے، مجھے نہیں معلوم، اس لیے کہ یہاں امامت کا کوئی سلسلہ نہیں تھا۔اس مدرسے میں تیس پینتیس لڑکے تھے ۔ یہاں دینی تعلیم کا انتظام بھی تھا۔ جہاں نہ صرف اس مدرسے کے لڑکے پڑھتے بلکہ سگھ بستی کے لڑکے لڑکیاں بھی آتے تھے ۔

یہ مدرسہ جنگل کے بیچوں بیچ تھا، جس کے دو طرف کھیت تھے ۔تیسری طرف آموں کا باغ اور سگھ بستی اور چوتھی جانب کانس کا بہت بڑا جنگل، جس کے ایک سرے پر ایک بہت بڑی جھیل

تھی جس کے پانی میں مگرمچھ تیرتے دکھائی دیتے تھے جو کبھی کبھی کنارے پر بھی آجاتے تھے اور دھوپ میں لیٹے رہتے تھے۔ جھیل کا بیشتر حصّہ نرسُل اور پیڑے کے جھنڈ سے پٹا ہوا تھا۔''

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟ اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) سگھ مدرسہ کیا تھا اور کیسا بنا ہوا تھا؟

(iii) سگھ مدرسے کے مہتمم کون تھے؟ مصنف نے ان کا کیا نقشہ کھینچا ہے؟

(iv) سگھ مدرسے میں کیا تعلیم دی جاتی تھی؟ وہاں کتنے بچے تھے اور کون کون پڑھتا تھا ؟

(v) سگھ مدرسہ کہاں واقع تھا؟ مدرسے کے چاروں طرف کیا تھا؟

## (ب)

''کل ایک شاہ صاحب عالمِ ذوق میں اپنے ایک مرید سے فرمارہے تھے کہ میں مچھر کی زندگی کو دل سے پسند کرتا ہوں۔ دن بھر بے چارہ خلوت خانے میں رہتا ہے۔ رات کو جو خدا کی یاد کا وقت ہے، باہر نکلتا ہے اور پھر تمام شب تسبیح و تقدس کے ترانے گایا کرتا ہے۔ آدمی غفلت میں پڑے سوتے ہیں تو اس کو ان پر غصّہ آتا ہے۔ چاہتا ہے یہ بھی بیدار ہو کر اپنے مالک کے دیے ہوئے اس سہانے خاموش وقت کی قدر کرے اور حمد و شکر کے گیت گائے۔ اس لیے پہلے ان کے کان میں جا کر کہتا ہے اٹھو میاں جاگو جاگنے کا وقت ہے۔ سونے کا اور ہمیشہ سونے کا وقت ابھی

نہیں آیا، جب آئے گا تو بے فکر ہو کر سونا۔ اب تو ہوشیار رہنے اور کچھ کام کرنے کا موقع ہے۔ مگر انسان اس سریلی نصیحت کی پرواہ نہیں کرتا اور سوتا رہتا ہے، تو مجبور ہو کر غصّے میں آجاتا ہے اور اس کے چہرے اور ہاتھ پاؤں پر ڈنک مارتا ہے۔ پرواہ رے انسان، آنکھیں بند کیے ہوئے ہاتھ پاؤں مارتا ہے اور بے ہوشی میں بدن کو کھجا کر پھر سوجاتا ہے۔ اور جب دن کو بیدار ہوتا ہے تو بے چارے مچھر کو صلواتیں سناتا ہے کہ رات بھر سونے نہیں دیا۔''

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) شاہ صاحب نے مچھر کی زندگی کے بارے میں کیا کہا؟

(iii) مچھر غفلت میں سوتے ہوئے انسان کو کیا نصیحت کرتا ہے؟

(iv) جب انسان مچھر کی بات نہیں سنتا تو مچھر کا ردّ عمل کیا ہوتا ہے؟

(v) مچھر کے پریشان کرنے پر انسان کیا کرتا ہے اور بیدار ہونے کے بعد کیا کہتا ہے؟

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ 5

(i) احمد جمال پاشا کے خاکے 'کلیم الدین احمد' کی خصوصیات بتائیے؟

(ii) آپ بیتی / خودنوشت کی تعریف اور خصوصیات بتائیے۔

3۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 5

(i) افسانہ 'میں، وہ' میں بوڑھے کے کردار کی تصویر کشی کس انداز میں کی گئی ہے؟

(ii) شہزادے نے ہوا کی دیوی سے کیا سفارش کی؟

(iii) رام لعل نے اپنے ماضی کے بارے میں جو باتیں کہی ہیں انھیں اپنے الفاظ میں لکھیے؟

(iv) 'بجوکا' کسے کہتے ہیں؟ افسانہ نگار نے اس کے ذریعے کیا پیغام دیا ہے؟

## (حصہ۔ ب)

4۔ درج ذیل شعری حصوں میں سے کسی ایک کو پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 10

### (الف)

ہر حال میں مشیّت مجھ کو بنا رہی ہے
میں اس کی قدرتوں کا شہکار بن رہا ہوں

خود اپنی جنتوں کی تخلیق کر رہا ہوں
خود اپنی زندگی کا معمار بن رہا ہوں

یہ جبر وقدر کی اک منزل ہے درمیانی          مجبور تو ہوں لیکن مختار بن رہا ہوں

یہ راہ وہ ہے جس میں ہر سانس اک سفر ہے

منزل بھی راستہ ہے لغزش بھی راہبر ہے

(i) یہ بند کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) شاعر خود اپنی زندگی کا معمار کیسے بن رہا ہے؟

(iii) ''مجبور تو ہوں لیکن مختار بن رہا ہوں'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iv) وہ راہ کون سی ہے جس میں ہر سانس اک سفر ہے؟

(v) لغزش کس طرح سے رہبر ہو گئی ہے؟

(ب)

رودادِ سفر نہ چھیڑ ناصؔر

پھر اشک نہ تھم سکیں گے میرے

عجب نظارہ تھا بستی کا اس کنارے پر

سبھی بچھڑ گئے دریا سے پار اترتے ہوئے

ہم نے انسانوں کے دکھ درد کا حل ڈھونڈ لیا ہے

کیا برا ہے جو یہ افواہ اُڑا دی جائے

زماں مکاں تھے مرے سامنے بکھرتے ہوئے

میں ڈھیر ہو گیا طولِ سفر سے ڈرتے ہوئے

شعلے میں ہے اک رنگ تیرا

باقی ہیں تمام رنگ میرے

(i) سفر کی روداد شروع ہونے پر کیا ہوگا اور کیوں؟

(ii) بستی کے اس کنارے پر شاعر کو کیا عجب بات نظر آئی ؟

(iii) شاعر کس افواہ کے اُڑانے کی بات کر رہا ہے؟

(iv) شاعر کس چیز سے ڈر کر ڈھیر ہو گیا؟

(v) شعلے میں کس کا رنگ ہے؟

**5۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ 5

(i) ن۔م۔راشد کی نظم 'زندگی سے ڈرتے ہو' کا خلاصہ لکھیے؟

(ii) نظم 'ارتقا' میں کیا پیغام دیا گیا ہے؟

**6۔** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 5

(i) ''اب تو یہ بھی یاد رکھنا ہے محال'' اس مصرعے کا کیا مطلب ہے؟

(ii) نظم 'گورِ غریباں' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

(iii) دردمندوں کی راہ گزر کون سی ہوگی؟ درج ذیل شعر کی روشنی میں لکھیے:

دل اگر دل ہے تو جس راہ پہ لے جائے گا
دردمندوں کی وہی راہ گزر بھی ہوگی

(iv) دبستانِ لکھنؤ کے پانچ شعرا کے نام لکھیے؟

## (حصہ۔ج)

7۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو (100) الفاظ میں لکھیے۔ 4

(i) افسانہ 'جنم دن' کے مرکزی کردار کے بارے میں لکھیے؟

(ii) آغا حشر کاشمیری کی ڈراما نگاری پر نوٹ لکھیے؟

8۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 6

(i) سبق مرحوم کی یاد میں 'مرحوم' کسے کہا گیا ہے؟

(ii) چے خف کے افسانے کا نام لکھیے اور ان کی افسانہ نگاری کی اہم خصوصیات لکھیے؟

(iii) ناول 'بیوہ' کا مرکزی خیال لکھیے؟

(iv) ڈرامے کی تعریف لکھیے؟ ڈراما یہودی کی لڑکی کے اہم کرداروں کے نام لکھیے۔

(حصہ۔د)

**9۔** درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے تفصیلی جواب لکھیے۔ 15

(i) سرسید تحریک کی ادبی خدمات بتائیے؟

(ii) میرؔ اور غالبؔ کے حوالے سے دبستانِ دہلی کی شاعرانہ خصوصیات بیان کیجیے؟

(iii) غزل کی تعریف بیان کیجیے اور اس کی روایت پر روشنی ڈالیے؟

(iv) کنھیا لال کپور کی طنز و مزاح نگاری پر تبصرہ کیجیے؟

(v) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کے بارے میں بتائیے؟

**10۔** درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ 10

(i) اُردو زبان کے آغاز و ارتقا پر روشنی ڈالیے؟

(ii) ناصر کاظمی کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے؟

(iii) مختصر افسانے پر ایک تنقیدی نوٹ لکھیے؟

(iv) رپورتاژ کے فن پر گفتگو کیجیے؟

11۔ درج ذیل سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ 5

(i) افسانہ 'لمحے' کے مرکزی کردار کا نام کیا ہے؟

(a) اما کانت

(b) چیرویا کوف

(c) خوجی

(ii) ناول 'امراؤ جان ادا' کا مصنف کون ہے؟

(a) قرۃالعین حیدر

(b) مرزا ہادی رسوا

(c) رتن ناتھ سرشار

(iii) ان میں سے کس کا تعلق خطوط نگاری سے ہے؟

(a) مومن

(b) میر

(c) غالب

(iv) 'روشنائی'، کس کی تصنیف ہے؟

(a) سجاد ظہیر

(b) پطرس بخاری

(c) کرشن چندر

(v) جمیل مظہری کی نظم کا نام کیا ہے ؟

(a) گورِ غریباں

(b) صبحِ امید

(c) ارتقا